لاہور، کراچی، راولپنڈی، اسلام آباد، فیصل آباد، سے اشاعت کے لیے منظور شدہ

786
NEW JANG
Pk

The Daily
New Jang Pk

زیر نگرانی
ڈاکٹر عبداللہ بھٹی

روزنامہ نیو جنگ پاکستان لاہور

چیف ایگزیکٹو
چوہدری آیان علی

چیف ایڈیٹر
چوہدری عمران علی

ڈپٹی ایڈیٹر
حافظ ظفر اقبال

صفحات: 8

قیمت 20 روپے

www.newjangPk.com
newjangPk@gmail.com

جلد 04	بدھ 06 ربیع الثانی 02 نومبر 2022ء 19 کاتک	شمارہ نمبر 234

ریجنل آفس سرگودھا کے کنسلٹنٹ مشتاق احمد اعوان

مختلف وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات کے ازالہ کے لئے خوشاب

جوہرآباد (عزیز الرحمان بوڑانہ سے) ریجنل آفس سرگودھا کے کنسلٹنٹ مشتاق احمد اعوان نے مختلف وفاقی محکموں کے خلاف عوامی شکایات کے ازالہ کے لئے خوشاب کیمپ آفس میں ایک کھلی کچہری لگائی۔ کھلی کچہری میں عوام کو موقع پر ہی ریلیف دلوایا گیا۔ اس موقع پر وفاقی محکموں، گیپکو، سوئی گیس، پاسپورٹ، نادرا، پوسٹل لائف، پاکستان بیت المال کے آفیسرز بھی اپنی رپورٹس لے کر وہاں موجود تھے۔ کھلی کچہری میں متعدد کیسز کی شکایات کی سماعت ہوئی۔ جن میں بیشتر شکایات کا موقع پر ہی عوام کو ریلیف مل گیا۔ وفاقی محتسب کے کنسلٹنٹ مشتاق احمد اعوان نے مختلف محکموں کے آفیسرز اور سائلین کو بتایا کہ وفاقی محتسب اعلیٰ اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر کھلی کچہری کا انعقاد کیا جا رہا ہے جس میں عوام کو بلا تاخیر ریلیف کی فراہمی جاری ہے۔ انہوں نے کہا ہے کہ عوام کو انصاف فراہم کرنے کی راہ میں کوئی رکاوٹ برداشت نہیں کی جائے گی۔ وفاقی محتسب اعلیٰ کی خصوصی ہدایت پر ریجنل انچارج سرگودھا مشتاق احمد اعوان نے نادرا آفس شاہ پور صدر کی انسپکشن بھی کی۔ اس موقع پر وہاں موجود عوام سے اُن کے مسائل بھی دریافت کئے اور عملہ نادرا آفس کو ان کے مسائل فوری حل کرنے کی ہدایات جاری کیں